فوری ریلیز کے لیے: 9/3/2023 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے 13.3$ ملین دینے کا اعلان کیا ہے تاکہ ہنگامی اور مستقل معاونتی رہائش کا تعمیراتی کام کیا جائے***

***ان پروجیکٹس سے نیویارک کے بےگھری کے شکار شہریوں کی معاونت کرنے کے لیے رہائشی اختیارات کے ایک سلسلے کی ضرورت کا ادراک کیا گیا ہے***

***گورنر کے FY 2024 کے ایگزیکٹیو بجٹ میں بےگھر افراد کی رہائش اور معاونت کے پروگرام کے لیے سالانہ فنڈنگ میں 128$ ملین بدستور جاری رکھے گئے ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ بے گھر افراد اور خاندانوں کے لیے ہنگامی اور مستقل معاونتی رہائش کو بڑھانے اور محفوظ کرنے میں مدد کے لیے 13.3$ ملین سے زائد دیئے جا چکے ہیں۔ یہ فنڈنگ ان منصوبوں کو دی گئی تھی جو برونکس میں 51 اپارٹمنٹس اور ایری کاؤنٹی میں خاندانوں کے لیے 80 بستروں پر مشتمل ایک نئی ہنگامی پناہ گاہ بنائیں گے۔ اونائیڈا اور چوٹوقوا کاؤنٹیز میں موجودہ ہنگامی پناہ گاہوں کی مرمت میں مدد کے لیے بھی فنڈنگ دی گئی تھی۔

"ان متنوع پروجیکٹس سے سستی رہائش تک رسائی کو وسعت ملے گی، جبکہ ہمارے کچھ انتہائی زدپذیر نیویارک کے شہریوں کے لیے محفوظ، قابلِ اعتماد گھروں کی فراہمی میں مدد ملے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ایک بار مکمل ہونے کے بعد، ان عمارتوں سے بے گھر ہوجانے والے نیویارک کے ہمارے ساتھی شہریوں کی زندگیوں میں استحکام لانے میں مدد ملے گی -- بہتر مستقبل کی بنیاد قائم کرنے میں انہیں مدد ملے گی۔"

یہ فنڈنگ دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد (Office of Temporary and Disability Assistance) کے بے گھروں کا رہائشی و امدادی پروگرام (Homeless Housing and Assistance Program) کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے، جو نیویارک بھر میں رہائش کو مزید سستا، مساوی، اور مستحکم بنانے کے گورنر Hochul کے جامع منصوبے کا ایک اہم جز ہے۔ FY 2023 کے نافذ کردہ ریاستی بجٹ میں گورنر کا 25$ بلین کی لاگت والا، پانچ سالہ، جامع رہائشی منصوبہ شامل ہے جس کے تحت نیویارک بھر میں 100,000 سستے گھر بناتے ہوئے یا محفوظ کرتے ہوئے رہائش کی گنجائش میں اضافہ کیا جائے گا جس میں زدپذیر آبادیوں کے لیے معاونتی خدمات والے 10,000 گھر اور 50,000 اضافی گھروں کی برق کاری بھی شامل ہے۔

گورنر کے FY 2024 کے ایگزیکٹیو بجٹ میں نیویارک ہاؤسنگ کمپیکٹ شامل ہے، جو کہ اس تاریخی کمی کو پورا کرنے کے لیے اگلی دہائی کے دوران 800,000 نئے مکانات تعمیر کرتے ہوئے نیویارک کے رہائش کے بحران سے نمٹنے کے لیے ایک ریاستی سطح کی حکمت عملی ہے۔ اس ایگزیکٹیو بجٹ میں بے گھروں کے رہائشی و امدادی پروگرام کے لیے 128$ ملین کی سرمایہ کاری جاری رکھی گئی ہے۔

فنڈنگ سے نوازے گئے منصوبوں میں شامل ہیں:

- **دی سالویشن آرمی** کو 10$ ملین سے نوازا گیا تھا تاکہ بفلو میں بے گھر خاندانوں کے لیے ہنگامی رہائش کے 80 بستروں سمیت 32 یونٹس کی تعمیر میں مدد کی جائے۔ یہ نئی پناہ گاہ سالویشن آرمی کی موجودہ 77 بستروں پر مشتمل پناہ گاہ کا متبادل ہو گی جو ایک دوسرے حصے میں واقع ہے، لہٰذا تعمیر کے دوران کوئی بھی رہائشی بے گھر نہیں ہو گا۔ نئی عمارت کی پہلی منزل پر انتظامیہ اور معاونتی خدمات کے دفاتر، اور کپڑے دھونے کی سہولت گاہ ہو گی۔

- **دی برج انکارپوریٹڈ** کو 3.1$ ملین ایوارڈ کیے گئے تھے تاکہ برونکس میں کمزور اور معمر بالغ 12 افراد اور دماغی بیماری میں مبتلا 39 افراد، جو تمام بے گھر ہو چکے ہیں، ان کے لیے مستقل معاونتی رہائش کے 51 یونٹس کی تعمیر میں مدد حاصل ہو۔ رہائشیوں کو فراہم کی جانے والی امدادی خدمات میں کیس مینجمنٹ، بحرانی مداخلت، تعلیمی اور پیشہ ورانہ خدمات، اور روز مرہ زندگی کی مہارتوں کی تربیت کی سرگرمیاں شامل ہیں۔

- **ریسکیو مشن آف یوٹیکا** کو 100,000$ ایوارڈ کیے گئے تھے تاکہ یوٹیکا میں 59 بستروں پر مشتمل اپنی ہنگامی پناہ گاہ کی ہنگامی مرمت کی جائے، جس میں کھڑکیوں کی تبدیلی، چنائی کا کام اور عمارت کے بیرونی حصے کا رنگ روغن شامل ہے۔

- **یونائیٹڈ کرسچین ایڈوکیسی نیٹ ورک سٹی مشن** کو 100,000$ سے نوازا گیا تھا تاکہ جیمز ٹاؤن میں 17 یونٹ، 29 بستروں پر مشتمل اپنی ہنگامی پناہ گاہ میں ناکارہ ہیٹنگ سسٹم کو تبدیل کیا جائے۔

**دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا،** "بے گھروں کے لیے رہائش اور امدادی پروگرام، مستقل معاونتی رہائش کو ترقی دینے میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے بلکہ یہ کیپیٹل فنڈنگ بھی فراہم کرتا ہے جو ہنگامی پناہ گاہوں کی تعمیر، بحالی اور مرمت کے لیے اشد ضروری ہے۔ گورنر Hochul نیویارک میں بے گھر ہونے اور رہائش کے بحران سے نمٹنے کے لیے پُرعزم ہیں اور اس طرح کے پروجیکٹس ان کوششوں کے لیے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔"

**ایری کاؤنٹی کی دی سالویشن آرمی کی ڈائریکٹر برائے آپریشنز میجر Annette Lock نے کہا،** "بفلو میں سالویشن آرمی شکر گزار ہے کہ گورنر Hochul، دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد، اور ہماری کمیونٹی کے معاونین کے ساتھ شراکت داری کرنے کا موقع ملا ہے تاکہ امید برائے اہم ہنگامی خاندانی پناہ گاہ تعمیر کی جائے۔ یہ سہولت گاہ ایک محفوظ، قابلِ بھروسہ، پُر امید جگہ فراہم کرے گی جہاں زدپذیر خاندانوں کو نہ صرف گرم بستر اور غذائیت سے بھرپور کھانے ملیں گے بلکہ انہیں ایسی خدمات کے مکمل سلسلے تک رسائی حاصل ہو گی جو بحران سے استحکام کی جانب خود کو بلند کرنے میں انہیں درکار ہوں۔ اس نئے مرکز کی تعمیر کے لیے بے گھروں کی رہائش اور امدادی پروگرام کے ذریعے فنڈنگ سے سالویشن آرمی کی ساٹھ سالہ روایت کے تسلسل کو یقینی بنایا جائے گا جس میں ایری کاؤنٹی میں وسائل سے محروم بالغ افراد اور بچوں کو مستقل، مستحکم رہائش کی تلاش کے سفر میں مدد فراہم کی جائے گی۔"

**دی برج انکارپوریٹڈ کے ہاؤسنگ کے ترقیاتی کام کی سینیئر نائب صدر Carole Gordon نے کہا،** "گورنر اور بے گھروں کی رہائش اور امدادی پروگرام کی جانب سے بے گھری، سستی رہائش کی ضرورت، اور ان ریاستی فنڈز کی اہمیت کو حل کرنے کی کوششوں کو، دی برج سراہتا ہے۔ یہ فنڈز ہماری مدد کریں گے تاکہ ہم نیویارک کے کمزور شہریوں کو محفوظ سستی رہائش اور خدمات فراہم کر سکیں جس کے نتیجے میں سنگین ذہنی بیماری والے بالغ افراد اور کمزور/ معذور بزرگوں کے لیے بے گھر ہونے کا طویل مدتی مسئلہ حل ہو گا۔ خصوصی ضروریات کے حامل سابقہ بے گھر بالغوں کے لیے 51 مستقل معاونتی یونٹوں کے علاوہ، جن کی اعانت HHAP کی فنڈنگ کرے گی، اس عمارت میں بے گھر ہونے کے خطرے میں گِھرے انتہائی کم آمدنی والے کمیونٹی کے 14 بزرگوں کو رہائش فراہم کی جائے گی۔ ہم جلد ہی تعمیراتی کام شروع کرنے کے منتظر ہیں۔"

**ریسکیو مشن آف یوٹیکا انکارپوریٹڈ کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Wendy R. Goetz نے کہا،** "ریسکیو مشن آف یوٹیکا، گورنر Hochul کے عزم پر ان کا بے انتہا شکرگزار ہے کہ بے گھر افراد کے لیے ہنگامی اور مستقل

معاونتی رہائش میں اضافہ کرنے اور محفوظ بنانے میں مدد کے لیے فنڈ فراہم کیے گئے ہیں۔ 59 بستروں پر مشتمل ہماری پناہ گاہ میں بہت ضروری مرمت کرنا اس فنڈنگ سے ممکن ہو گا۔"

**یونائیٹڈ کرسچین ایڈوکیسی نیٹ ورک سٹی مشن کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Aaron Wadin نے کہا،** "بے گھروں کی رہائش اور امدادی پروگرام کے اس ایوارڈ کو ہماری بے گھر مردوں کی پناہ گاہوں کے لیے اپنے قدیم ہیٹنگ سسٹم کو تبدیل کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہ ایک بہت بڑی نعمت ہے اور کسی دعا کی قبولیت ہے کیونکہ اس سے ہمیں یہ موقع ملے گا کہ سردیوں کے ان مہینوں میں ایک گرم پناہ گاہ میں اپنے مہمانوں کی خدمت جاری رکھنے کے علاوہ عمارت میں ایئر کنڈیشنگ فراہم کی جائے، جو موسم گرما کے تپتے مہینوں میں، یہاں جیمز ٹاؤن میں اس مشن کی تاریخ میں پہلی بار ہوا ہے۔"

بے گھر رہائشی امدادی پروگرام غیر منافع بخش کارپوریشنوں، خیراتی اور مذہبی تنظیموں اور میونسپلٹیوں کو ایسے افراد کے لیے مکانات کے حصول، تعمیر یا بحالی کے لیے سرمایہ گرانٹس اور قرضے فراہم کرتا ہے جو خصوصی مدد کے بغیر مناسب رہائش حاصل کرنے سے قاصر ہیں۔ یہ گرانٹس ریاست نیویارک بےگھروں کی رہائشی اور معاونتی کارپوریشن کی جانب سے مسابقتی عمل کے ذریعے دی جاتی ہیں، جو ایک مفادِ عامہ کی کارپوریشن ہے جس میں عارضی اور معذوری کی امداد کے دفتر کا عملہ کام کرتا ہے۔

اس پروگرام کے ذریعے ریاست نیویارک نے معاونتی رہائش کے ترقیاتی کام کے لیے 1.5$ بلین سے زیادہ مختص کیے ہیں۔ مجموعی طور پر، اس پروگرام کے ذریعے بے گھر افراد اور خاندانوں کی مدد کے لیے 25,000 سے زیادہ ہاؤسنگ یونٹس تعمیر کیے گئے ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں